# *Information on the Legal Rights Available to Immigrant Victims of Domestic Violence in the United States and Facts about Immigrating on a Marriage-Based Visa*

**Purpose:**
Immigrants are particularly vulnerable because many do not speak English, are often separated from family and friends, and may not understand the laws of the United States. For these reasons, immigrants are often afraid to report acts of domestic violence to the police or to seek other forms of assistance. Such fear causes many immigrants to remain in abusive relationships.

This pamphlet will explain domestic violence and inform you of your legal rights in the United States. The International Marriage Broker Regulation Act (IMBRA) requires that the U.S. Government provide foreign fiancé(e)s and spouses immigrating to the United States information about their legal rights as well as criminal or domestic violence histories of their U.S. citizen fiancé(e)s and spouses. One of IMBRA's goals is to provide accurate information to immigrating fiancé(e)s and spouses about the immigration process and how to access help if their relationship becomes abusive.

**What is domestic violence?**
Domestic violence is a pattern of behavior when one intimate partner or spouse threatens or abuses the other partner. Abuse may include physical harm, forced sexual relations, emotional manipulation (including isolation or intimidation), economic and/or immigration related threats. While most recorded incidents of domestic violence involve men abusing women or children, men can also be victims of domestic violence.

Domestic violence may include sexual assault, child abuse, and other violent crimes. Sexual assault is any type of sexual activity that you do not agree to, even with your spouse, and can be committed by anyone. Child abuse includes: physical abuse (any injury that does not happen by accident, including excessive punishment), physical neglect (failure to provide food, shelter, medical care or supervision), sexual abuse, and emotional abuse (threats, withholding love, support or guidance).

Under all circumstances, domestic violence, sexual assault, and child abuse are illegal in the United States. All people in the United States (regardless of race, color, religion, sex, age, ethnicity, or immigration status) are guaranteed protection from abuse under the law. Any victim of domestic violence – regardless of immigration or citizenship status – can seek help. An immigrant victim of domestic violence may be eligible for immigration protections.

If you are experiencing domestic violence in your home, you are not alone. This pamphlet is intended to help you understand U.S. laws and know how to get help if you need it.

**What are the legal rights for victims of domestic violence in the United States?**
All people in the United States, regardless of immigration or citizenship status, are guaranteed basic protections under both civil and criminal law. Laws governing families provide you with:

- The right to obtain a protection order for you and your child(ren).
- The right to legal separation or divorce without the consent of your spouse.
- The right to share certain marital property. In cases of divorce, the court will divide any property or financial assets you and your spouse have together.
- The right to ask for custody of your child(ren) and financial support. Parents of children under the age of 21 often are required to pay child support for any child not living with them.

Consult a family lawyer who works with immigrants to discuss how any of these family law options may affect or assist you.

Under U.S. law any crime victim, regardless of immigration or citizenship status, can call the police for help or obtain a protection order.

Call police at 911 if you or your child(ren) are in danger. The police may arrest your fiancé(e), spouse, partner, or another person if they believe that person has committed a crime. You should tell the police about any abuse that has happened, even in the past, and show any injuries. Anyone, regardless of immigration or citizenship status, may report a crime.

Likewise, if you are a victim of domestic violence you can apply to a court for a protection order. A court-issued protection order or restraining order may prohibit your abuser from calling, contacting, approaching, or harming you, your child(ren), or other family members. If your abuser violates the protection order, you can contact the police, who may arrest the abuser. Applications for protection orders are available at most courthouses, police stations, women's shelters, and legal service offices.

If your abuser accuses you of a crime, you have basic rights, regardless of your immigration or citizenship status, including: the right to talk to a lawyer; the right to not answer questions without a lawyer present; the right to speak in your defense. It is important to talk with both an immigration lawyer and a criminal lawyer.

**What services are available to victims of domestic violence and sexual assault in the United States?**
In the United States, victims of crime, regardless of immigration or citizenship status, can access help provided by government or nongovernmental agencies, which may include counseling, interpreters, emergency housing, and even monetary assistance.

The national telephone numbers or "hotlines" listed below have operators trained to help victims 24 hours a day free of charge. Interpreters are available and these numbers can connect you with other free services for victims in your local area, including emergency housing, medical care, counseling, and legal advice. If you cannot afford to pay a lawyer you may qualify for a free or low-cost legal aid program for immigrant crime or domestic violence victims.

National Domestic Violence Hotline
1-800-799-SAFE (1-800-799-7233)
1-800-787-3224 (TTY)
www.ndvh.org

National Sexual Assault Hotline of the Rape, Abuse and Incest National Network (RAINN)
1-800-656-HOPE (1-800-656-4673)
www.rainn.org

National Center for Missing and Exploited Children
1-800-THE-LOST (1-800-843-5678)
www.missingkids.com

The National Center for Victims of Crime
1-800-FYI-CALL (1-800-394-2255)
1-800-211-7996 (TTY)
www.ncvc.org

NOTE: These are organizations whose primary mission is safety and protection.

**If I am a victim of domestic violence, sexual assault, or other crime, what immigration options are available to me?**
There are three ways immigrants who become victims of domestic violence, sexual assault, and some other specific crimes may apply for legal immigration status for themselves and their child(ren). A victim's application is confidential and no one, including an abuser, crime perpetrator or family member, will be told that you applied.

- Self-petitions for legal status under the Violence Against Women Act (VAWA)
- Cancellation of removal under VAWA
- U-nonimmigrant status (crime victims)

These immigration benefits each have specific requirements that must be established. Consult an immigration lawyer who works with victims of domestic violence to discuss how any of these immigration benefits may affect or assist you.

**How does the marriage-based immigration process work?**
The marriage-based immigration process involves several steps to obtain legal immigration status in the United States, and over time, to be eligible for citizenship. These steps depend on the type of marriage-based visa you travel on to the United States, as well as other factors. The following information is an overview of some of these types of visas, as well as information on your legal rights.

*K-1 nonimmigrant status* (as the fiancé(e) of a United States citizen): You are required to either marry the United States citizen within 90 days of entry or to depart the United States. Following your marriage to the U.S. citizen fiancé(e) who petitioned for you, you must file an Application to Register Permanent Residence or Adjust Status (Form I-485). If your Form I-485 is approved, your status will be adjusted from a K nonimmigrant to that of a conditional permanent resident. You will have that conditional status for two years.

If you remain in the U.S. without marrying the U.S. citizen who sponsored your K-1 visa, or marry someone else, you will violate the terms of your visa, have no legal status, and may be subject to removal proceedings or other penalties.

*K-3 nonimmigrant status* (as the spouse of a United States citizen): You are allowed to enter the United States temporarily while waiting for approval of a family-based visa petition (I-130). Once the I-130 is approved, you are entitled to lawful permanent residence (green card) and will need to file an Application to Register Permanent Residence or Adjust Status (Form I-485).

All other marriage-based immigration status holders should refer to the information given to them from the U.S. consulate. Additional information may be found online at http://www.uscis.gov .

**What are the penalties for marriage fraud?**
Immigrants who commit marriage fraud may be subject to removal proceedings and may be barred from receiving future immigration benefits in the United States. Conviction for marriage fraud can involve imprisonment for up to five (5) years and fines up to $250,000 (U.S. currency).

**If I am married to a U.S. citizen who filed immigration papers on my behalf, what is my immigration status?**
If you have been married less than 2 years when your Form I-485 is approved, you will receive conditional residence status from USCIS. Ninety (90) days before the second anniversary of your conditional residence, you and your spouse generally must apply together to remove the conditions on your lawful residence. To do so, you must prove the marriage is in "good faith" and valid. Once the conditions are removed, you have permanent residency that is not dependent on your U.S. spouse.

If you have been married more than 2 years when your Form I-485 is approved, you will receive permanent residence status from USCIS. On that date you will no longer be dependent on your U.S. citizen spouse for immigration status.

There are three situations when the law allows conditional residents the option to request a waiver of the requirement that you and your spouse file jointly to request removal of the conditions. 1) The removal of the conditional resident from the U.S. would result in extreme hardship; OR 2) The marriage was legally terminated, other than by death, and the applicant was not at fault for failing to file a timely application to remove the conditional basis of his or her status;

OR 3) During the marriage the U.S. citizen or lawful permanent resident spouse subjected the conditional resident to battery or extreme cruelty. All three waivers are filed on Form I-751 and require you to prove your marriage was in "good faith" and not fraudulent.

**What other ways does the U.S. government try to inform foreign fiancées and spouses about their rights and protect them and their children from abuse?**

The International Marriage Broker Regulation Act of 2005 (IMBRA) is a law in the United States that changed the marriage-based immigration process to help foreign fiancé(e)s and spouses. IMBRA mandates that the U.S. Government give immigrating foreign fiancé(e)s and spouses information and self-help tools to help protect them against violence from the partners who sponsor their visas. Immigrating fiancé(e)s and spouses are often unfamiliar with the U.S. laws and unsupported by family or friends to escape violence at home.

IMBRA required this pamphlet be written and distributed to tell you about laws and services that can help you in the United States if you are abused. IMBRA prevents U.S. citizens from sponsoring multiple visas for foreign fiancé(e)s if they have a history of violent crimes. IMBRA requires the U.S. government to give foreign fiancé(e)s and spouses of U.S. citizens a copy of the criminal background check that USCIS does on U.S. citizen-sponsors, as well as a copy of the visa sponsorship application.

**How does the U.S. government regulate "International Marriage Brokers"?**

If an agency qualifies as an "international marriage broker," it is required to give you background information on the U.S. client who wants to contact you, including information contained in Federal and State sex offender public registries, and get your written permission before giving the U.S. client your contact information. The agency is required to give you a copy of this pamphlet. It is prohibited from doing business with you if you are under 18 years of age.

**Can I rely on the criminal background information on my U.S. citizen fiancée or spouse?**

The criminal background information compiled by the agency comes from various public sources, as well as information provided by the U.S. citizen clients on immigration applications. USCIS does not have access to all criminal history databases in the United States. The U.S. citizen sponsor may not tell the truth in the sponsorship application. It is also possible the U.S. citizen has a history of abusive behavior but was never arrested or convicted. Therefore, the criminal background information you receive may not be complete. The intent of IMBRA is to provide available information and resources to immigrating fiancé(s) and spouses. Ultimately you are responsible for deciding whether you feel safe in the relationship.

**Can foreign fiancées or spouses who are victims of domestic violence also be victims of human trafficking?**

Other forms of exploitation including human trafficking can sometimes occur alongside domestic violence, when the exploitation involves compelled or coerced labor, services, or commercial sex acts.

Help regarding human trafficking may be found at:

National Human Trafficking Resource Center
1-888-373-7888
(24 hours a day, 7 days a week)
www.acf.hhs.gov/trafficking

Human Trafficking and Worker Exploitation Task Force Hotline, U.S. Department of Justice
1-888-428-7581
(Monday - Friday, 9am to 5pm)
www.usdoj.gov/crt/crim/tpwetf.php

More information can be found at our website or by calling the toll free number listed below.

**USCIS General Information**
In the United States, telephone toll free to:
**1-800-870-3676** or

Visit our internet website at:
http://www.uscis.gov

## امریکہ میں گھریلو تشدد کے شکار امیگرینٹس کو دستیاب قوانین کے بارے میں معلومات اور شادی کی بنیاد پر امیگریشن (ترک وطن) کے بارے میں حقائق

مقصد: امیگرینٹس (تارکین وطن) بالخصوص خطرے کا شکار ہوتے ہیں کیونکہ ان کی اکثریت انگلش نہیں بولتی، عموماً اپنے خاندان اور دوستوں سے دور ہوتے ہیں اور امریکی قوانین سے ناواقف ہوتے ہیں۔ ان وجوہات کی بنا پر امیگرینٹس اکثر پولیس کے پاس گھریلو تشدد کے بارے میں اطلاعات دینے یا امداد کے دیگر ذرائع استعمال کرنے سے خوفزدہ رہتے ہیں۔ یہ خوف بہت سے امیگرینٹس کو ایک ناخوشگوار ازدواجی تعلق میں زندگی گزارنے پر مجبور کیے رکھتا ہے۔

یہ معلوماتی کتابچہ گھریلو تشدد کی وضاحت کرے گا اور امریکہ میں آپ کو دستیاب قانونی حقوق کی آگاہی دے گا۔ بین الاقوامی میرج بروکر ریگولیشن ایکٹ (امبرا) یہ تقاضا کرتا ہے کہ حکومت امریکہ، امریکہ میں امیگریٹ (ترک وطن) کر کے آنے والے منگیتروں اور شوہروں یا بیویوں (ازواج) کو ان کے قانونی حقوق اور امریکی شہری منگیتروں اور ازواج کے سابقہ مجرمانہ ماضی کے بارے میں آگاہی مہیا کرے۔ امبرا کا ایک مقصد امیگرینٹس منگیتروں اور ازواج کو درست معلومات فراہم کرنا، امیگریشن کا طریقہ اور اگر فریقین کا رشتہ تلخ ہو جائے تو امداد لینے کے بارے میں درست معلومات فراہم کرنا ہے۔

### گھریلو تشدد کیا ہے؟

گھریلو تشدد ایک مخصوص طرز عمل ہے جب ایک قریبی پارٹنر یا زوج دوسرے پارٹنر کو دھمکائے یا تلخ رویہ اپنائے۔ تلخ رویہ میں جسمانی نقصان، بالجبر جنسی روابط، نفسیاتی استحصال (بشمول تنہائی رکھنا یا دھمکانا)، مالی یا امیگریشن سے متعلقہ دھمکیاں شامل ہیں۔ اگرچہ محولہ واقعات میں مردوں کا عورتوں اور بچوں کے ساتھ تشدد کے واقعات شامل ہیں، لیکن مرد بھی گھریلو تشدد کا شکار ہو سکتے ہیں۔

گھریلو تشدد میں جنسی حملہ، بچوں کا استحصال، اور دیگر پر تشدد جرائم شامل ہیں۔ جنسی حملہ ایسی جنسی کارروائی ہے جس پر آپ راضی نہ ہوں حتیٰ کہ اپنے زوج کے ساتھ بھی، اور یہ کسی فریق کی جانب سے بھی ہو سکتی ہے۔ بچوں کے استحصال میں جسمانی تشدد (ایسا ضرر جو خود بخود نہیں پہنچتا، بشمول بے تحاشا سزا)، جسمانی عدم توجہ (کھانا، رہائش، طبی حفاظت یا دیکھ بھال مہیا نہ کرنا)، جنسی استحصال اور نفسیاتی استحصال (ڈراوے؛ محبت، دیکھ بھال یا راہ نمائی کو روک لینا) شامل ہیں۔

امریکہ میں گھریلو تشدد، جنسی استحصال اور بچوں کا استحصال اپنی تمام صورتوں میں خلاف قانون ہیں۔ امریکہ میں تمام افراد (بلا تفریق نسل، رنگ، مذہب، جنس، عمر، فرقہ یا امیگریشن سٹیٹس) کو گھریلو تشدد کے خلاف قانونی تحفظ کی ضمانت دی گئی ہے۔ گھریلو تشدد کا شکار کوئی بھی فرد، بلا تفریق امیگریشن سٹیٹس یا شہریت، مدد طلب کر سکتا ہے۔ گھریلو تشدد کا شکار کوئی بھی فرد امیگریشن میں موجود ضمانتوں کا اہل ہو سکتا ہے۔

اگر آپ کو اپنے گھر میں گھریلو تشدد کا سامنا ہے، تو آپ اکیلے نہیں ہیں۔ اس کتابچہ کا مقصد آپ کو امریکی قوانین سے آگاہی دلانا اور یہ بتانا ہے کہ آپ امداد کیسے لے سکتے ہیں جب آپ کو اس کی ضرورت ہو۔

### امریکہ میں گھریلو تشدد کے شکار افراد کے لئے کیا قانونی حقوق ہیں؟

امریکہ میں تمام افراد، بلا تفریق امیگریشن سٹیٹس یا شہریت، کو دیوانی اور فوجداری قوانین میں بنیادی ضمانتیں مہیا کی گئی ہیں۔ خاندان پر منطبق قوانین آپ کو درج ذیل ضمانتیں مہیا کرتے ہیں:

- اپنے اور اپنے بچوں کے لیے پروٹیکشن آرڈر لینا
- شوہر یا بیوی کی مرضی کے بغیر قانونی علیٰحدگی یا طلاق حاصل کرنا۔
- بعض خاندانی املاک کو مشترکہ طور پر استعمال کرنا۔ طلاق کی صورت میں عدالت آپ اور آپ کے زوج کے مابین مشترکہ املاک یا مالی وسائل کو تقسیم کرے گی۔
- بچوں کی حضانت اور ان کی کفالت کا حق طلب کرنا۔ وہ والدین جو 21 برس سے کم عمر بچوں کے ساتھ نہ رہ رہے ہوں خرچہ دینے کے پابند ہیں۔

کسی ایسے وکیل سے، جو امیگرینٹس کے ساتھ کام کرتا ہو، مشورہ لیں کہ یہ فیملی قوانین کس طرح آپ کو متاثر یا آپ کے مدد و معاون ہو سکتے ہیں۔

امریکی قانون میں، کوئی بھی گھریلو تشدد کا شکار فرد (بلا تفریق امیگریشن سٹیٹس یا شہریت) اپنی مدد کے لیے پولیس کو بلا سکتا ہے یا پروٹیکشن آرڈر لے سکتا ہے۔

اگر آپ یا آپ کے بچے خطرے میں ہیں تو پولیس کو 911 پر کال کریں۔ پولیس آپ کے منگیتر، زوج یا پارٹنر یا کسی اور شخص کو گرفتار کر سکتی ہے، اگر پولیس کو یقین ہو کہ اس شخص نے جرم کیا ہے۔ آپ کو چاہیے کہ کسی بھی تشدد کے بارے میں، جو حالیہ یا خواہ ماضی میں ہوا ہو، پولیس کو بتائیں اور ضربات بھی دکھائیں۔ کوئی بھی شخص، بلا تفریق امیگریشن سٹیٹس یا شہریت، جرم کی رپٹ لکھوا سکتا ہے۔

اسی طرح، اگر آپ گھریلو تشدد کا شکار ہیں تو آپ عدالت میں پروٹیکشن آرڈر کی درخواست دے سکتے ہیں۔ عدالت کا مجریہ پروٹیکشن آرڈر تشدد کرنے والے شخص کو آپ سے یا آپ کے بچوں سے یا خاندان کے کسی اور فرد سے رابطہ کرنے، فون کرنے، رسائی پانے، نقصان پہنچانے سے روکے گا۔ اگر تشدد کرنے والا پروٹیکشن آرڈر کی خلاف ورزی کرے تو آپ پولیس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ پولیس اس کو گرفتار کر سکتی ہے۔ پروٹیکشن آرڈر کے لیے درخواستیں اکثر عدالتوں، پولیس سٹیشنوں، خواتین مراکز (ویمن شیلٹرز) اور قانونی خدمات کے دفاتر میں موجود ہیں۔

اگر تشدد کرنے والا آپ پر کسی جرم کا الزام لگائے تو آپ کے پاس، بلا تفریق امیگریشن سٹیٹس یا شہریت، بنیادی ضمانتیں موجود ہیں، بشمولہ وکیل سے بات کرنا، بغیر موجودگی وکیل کسی سوال کا جواب نہ دینے کا حق، اپنے دفاع میں بات کرنے کا حق۔ یہ بات اہم ہے کہ ہر دو امیگریشن اور فوجداری وکیلوں سے بات کی جائے۔

**امریکہ میں گھریلو تشدد اور جنسی تشدد کے شکار افراد کے لیے کیا خدمات موجود ہیں؟**

امریکہ میں تشدد کے شکار افراد، بلا تفریق امیگریشن سٹیٹس یا شہریت، حکومت یا غیر حکومتی ایجنسیوں کی طرف سے فراہم کردہ امداد طلب کر سکتے ہیں، جس میں مشاورت، ترجمان، ایمرجنسی رہائش، حتیٰ کہ مالی تعاون شامل ہیں۔

مندرجہ ذیل فون نمبریا "ہاٹ لائن" پر چوبیس گھنٹے تربیت یافتہ آپریٹر بغیر کسی معاوضہ کے موجود ہوتے ہیں۔ ترجمان موجود ہوتے ہیں۔ اور ان نمبروں سے آپ تشدد کا شکار افراد کے لیے آپ کے علاقہ میں دستیاب دیگر بغیر معاوضہ خدمات، بشمول ایمرجنسی رہائش، طبی امداد، اور قانونی مشاورت، تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ وکیل کا معاوضہ ادا نہ کر سکیں تو آپ گھریلو تشدد یا جرم کا شکار امیگرینٹس کے لیے دستیاب مفت یا کم قیمت قانونی امدادی پروگرام کے لیے کو الیفائی کر سکتے ہیں۔

**نیشنل ڈومیسٹک وائیلنس ہاٹ لائن (ملکی گھریلو تشدد بارے ہاٹ لائن)**

1-800-799-SAFE (1-800-799-7233)

1-800-787-3224 (TTY)

www.ndvh.org

نیشنل سیکسول اسالٹ ہاٹ لائن آف دی ریپ، ابیوز اینڈ اِنسسٹ نیشنل نیٹ ورک (RAINN)

1-800-656-HOPE (1-800-656-4673

www.rainn.org

نیشنل سنٹر فار مسنگ اینڈ ایکسپلائیٹڈ چلڈرن

1-800-THE-LOST (1-800-843-5678)

www.missingkids.com

دی نیشنل سنٹر فار وکٹمز آف کرائم

1-800-FYI-CALL (1-800-394-2255

1-800-211-7996 (TTY)

www.ncvc.org

نوٹ: یہ ایسے ادارے ہیں جن کا بنیادی مقصد تحفظ اور حفاظت فراہم کرنا ہے۔

### اگر میں گھریلو تشدد، جنسی استحصال یا کسی دیگر جرم کا شکار ہوں تو میرے لیے امیگریشن کی کونسی صورتیں موجود ہیں؟

ایسے تین طریقے ہیں جن کے ذریعے گھریلو تشدد، جنسی استحصال اور دیگر کسی طرح کے جرم کا شکار ہونے والے امیگرینٹس اپنے اور بچوں کے لیے قانونی امیگریشن سٹیٹس حاصل کر سکتے ہیں۔ تشدد کے شکار فرد کی درخواست خفیہ رکھی جاتی ہے اور کسی بھی شخص، بشمول ضرر دہندہ، جرم کنندہ یا خاندان کے کسی دیگر فرد، کو نہیں بتایا جائے گا کہ آپ نے درخواست دائر کی ہے۔

- سیلف پیٹیشنز فار لیگل سٹیٹس انڈر دی وائیلنس آگینسٹ ویمن ایکٹ (واوا\VAWA)
- کینسلیشن آف ریموول انڈر واوا
- یو-نان امیگرینٹ سٹیٹس (کرائم وِکٹم)

ان امیگریشن فوائد میں سے ہر ایک کے لیے مخصوص شرائط ہیں جو پوری ہونا ضروری ہیں۔ اس بات کا تعین کرنے کے لیے کہ مندرجہ بالا امیگریشن فوائد کس طرح آپ کے کام آسکتے ہیں، امیگریشن کے کسی ایسے وکیل سے بات کریں جو گھریلو تشدد کے شکار افراد کے ساتھ کام کرتا ہو۔

### شادی کی بنیاد پر امیگریشن کا طریقہ کار کیسے کام کرتا ہے؟

شادی کی بنیاد پر امیگریشن کے طریقہ میں، امریکہ میں قانونی سکونت اختیار کرنے کے لیے اور اپنے وقت پر شہریت کی اہلیت حاصل کرنے میں کافی مراحل ہیں۔ بشمول دیگر عوامل، ان مراحل کا انحصار آپ کے اس شادی ویزا پر ہے جس پر آپ نے امریکہ کا سفر کیا ہے۔ مندرجہ ذیل معلومات ان میں سے چند اقسام کے ویزا اور آپ کے قانونی حقوق کے بارے میں معلومات کے حوالہ سے ایک جائزہ ہے۔

K-1 نان امیگرینٹ سٹیٹس (بطور منگیتر امریکی شہری): آپ پر لازم ہے کہ یا تو آپ ۹۰ دنوں کے اندر امریکی شہری سے شادی کریں یا امریکہ چھوڑ دیں۔ امریکی شہری منگیتر، جس نے آپ کو سپانسر کیا ہے، سے شادی کے بعد آپ پر لازم ہے کہ مستقل رہائش یا سٹیٹس ایڈجسٹ کرنے کے لیے درخواست (Form I-485) داخل کریں۔ اگر آپ کا فارم I-485 منظور ہو جاتا ہے تو آپ کی سکونتی حیثیت K نان امیگرینٹ سے مشروط باشندہ (conditional permanent resident) میں تبدیل ہو جائے گی۔ آپ کے پاس یہ مشروط حیثیت دو سال تک رہے گی۔

اگر آپ اپنے امریکی سپانسر K-1 منگیتر کے ساتھ شادی کیے بغیر امریکہ میں موجود رہتے ہیں تو آپ اپنے ویزا کی شرائط کی خلاف ورزی کریں گے، آپ کے پاس کوئی قانونی حیثیت نہیں ہو گی، اور آپ کے خلاف بید خلی یا دیگر سزا کے احکامات جاری کیے جاسکتے ہیں۔

K-3 نان امیگرینٹ حیثیت (بطور زوج امریکی شہری): جب تک آپ اپنی شادی ویزا کی درخواست (I-130) منظور ہونے کا انتظار کرتے ہیں، آپ کو عارضی طور پر امریکہ جانے کی اجازت ہے۔ جب I-130 منظور ہو گئی تو آپ مستقل رہائش (گرین کارڈ) کے حقدار ہو جاتے ہیں، اور آپ کو چاہیے کہ آپ I-485 داخل کریں۔

اس کے علاوہ وہ افراد جن کے پاس شادی کی بنیاد پر امیگریشن سٹیٹس ہے کو چاہیے کہ متعلقہ امریکی قونصلیٹ سے رابطہ کریں۔ اضافی معلومات مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے حاصل کی جاسکتی ہیں: http:/ / www.uscis.gov.

**شادی کی بنیاد پر دھوکہ دہی کی سزا کیا ہے۔**

شادی کی بنیاد پر دھوکہ دھی کرنے والے امیگرینٹس کو بید خلی کی سزا دی جاسکتی ہے۔ اور امریکہ میں دستیاب امیگریشن فوائد لینے سے روکا جاسکتا ہے۔ شادی فراڈ میں الزام ثابت ہونے پر پانچ سال تک قید مع $250,000 جرمانہ کی سزا ہو سکتی ہے۔

**اگر میرے سپانسر امریکی شہری سے میری شادی ہو چکی ہے تو میرا امیگریشن سٹیٹس کیا ہے؟**

اگر I-485 منظور ہونے سے لیکر اب تک آپ کی شادی کو دو سال نہیں ہوئے تو USCIS آپ کو مشروط حیثیت دے گی۔ مشروط حیثیت کا دوسرا سال ختم ہونے سے ۹۰ دن پہلے بالعموم آپ اور آپ کے زوج کو یہ مشروط حیثیت ختم کرنے کے لیے مشترکہ طور پر ایک درخواست دینی پڑتی ہے۔ ایسا کرنے کے لیے آپ کو یہ ثابت کرنا ہوتا ہے کہ آپ کی شادی صاف نیت سے کی گئی تھی اور ابھی تک قائم ہے۔ جب شرائط ختم ہو جائیں تو آپ کے پاس مستقل رہائش آجاتی ہے، جس کا انحصار آپ کے امریکی شہری زوج پر نہیں ہوتا۔

اگر فارم I-485 منظور ہونے سے لیکر اب تک آپ کی شادی کو دو سال سے زیادہ ہو چکے ہیں تو USCIS آپ کو مستقل گرین کارڈ دے گی۔ اس تاریخ سے امیگریشن سٹیٹس کے لیے آپ کا انحصار اپنے شوہر یا بیوی سے ختم ہو جائے گا۔

ایسی تین صورتیں ہیں جن میں قانون مشروط رہائشی کی اختیار دیتا ہے کہ وہ مشروط حیثیت ختم کرنے کے لیے زوج کے ساتھ مشترکہ درخواست داخل کرنے سے استثناء لے لے۔ ۱) عارضی رہائشی کی امریکہ سے بید خلی سخت مشکلات پیدا کر دے گی، یا ۲) شادی قانونی طور پر ختم ہو گئی ہو، علاوہ فوتگی، اور مشروط حیثیت ختم کروانے کے لیے بروقت درخواست داخل کرنے میں درخواست دھندہ کی جانب سے کوئی غلطی نہیں تھی، یا ۳) دوران شادی امریکی شہری یا گرین کارڈ ہولڈر زوج کی جانب سے عارضی رہائشی کو شدید تشدد یا ظلم کا نشانہ بنایا گیا۔ یہ تمام استثناء فارم I-751 پر داخل کیے جاسکتے ہیں، اور یہ تقاضا کرتے ہیں کہ آپ یہ ثابت کریں کہ شادی "خالص نیت" سے کی گئی تھی اور دھوکہ دھی پر مبنی نہ تھی۔

**حکومت امریکہ غیر ملکی منگیتروں اور ازواج کو ان کے حقوق کے بارے میں معلومات دینے اور ان کو اور ان کے بچوں کو استحصال سے بچانے کے لیے اور کون کون سے ذرائع استعمال کرتی ہے؟**

دی انٹر نیشنل میرج بروکر ریگولیشن ایکٹ آف ۲۰۰۵ (IMBRA) امریکہ میں ایک قانون ہے جس نے غیر ملکی منگیتر اور ازواج کو مدد دینے کے لیے شادی کی بنیاد پر امیگریشن کے طریقہ کو تبدیل کیا ہے۔ امبرا حکومتِ امریکہ کو پابند کرتا ہے کہ وہ امیگریٹ کرنے والے غیر ملکی منگیتروں اور ازواج کو اُن کے سپانسر کرنے والے پارٹنروں کے تشدد سے بچانے میں مدد دینے کے لیے معلومات دے اور آسان مواد فراہم کرے۔ امیگریٹ کر کے آنے والے منگیتر اور ازواج اکثر امریکی قوانین سے واقف نہیں ہوتے اور خاندان اور دوست بھی ان کی گھریلو تشدد سے بچانے میں ان کی مدد نہیں کرتے۔

امبرا لازم قرار دیتا ہے کہ ان قوانین اور خدمات کے بارے میں جو امریکہ میں گھریلو تشدد کا شکا ہونے کی صورت میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں، کے بارے میں بتانے کے لیے یہ پمفلٹ لکھا اور تقسیم کیا جائے۔ اگر ایک امریکی شہری کا پر تشدد مجرمانہ ریکارڈ موجود ہے تو امبرا ایسے امریکی شہری کو غیر ملکی منگیتروں کے ایک سے زیادہ ویزے سپانسر کرنے سے روکتا ہے۔ امبرا حکومت امریکہ کو پابند کرتا ہے کہ وہ غیر ملکی منگیتروں اور ازواج کو USCIS کی جانب سے امریکی شہری سپانسر کے مجرمانہ بیک گراؤنڈ چیک کی ایک کاپی فراہم کرے اور ویزا سپانسر شپ درخواست کی ایک کاپی بھی فراہم کرے۔

**امریکی حکومت بین الاقوامی شادی کروانے والوں کو کس طرح ریگولیٹ کرتی ہے؟**

اگر ایک ایجنسی بین الاقوامی میرج بروکر کے طور پر کوالیفائی کرتی ہے تو اس پر لازم ہے کہ وہ آپ کو اس امریکی مشتری (client) کا سابقہ ریکارڈ فراہم کرے جو آپ سے رابطے کا خواہاں ہے، بشمول ان معلومات کے جو حکومتی اور ریاستی جنسی مجرموں کے عمومی ریکارڈ میں موجود ہیں؛ علاوہ ازیں امریکی مشتری کو آپ کے رابطے کی معلومات دینے سے پہلے آپ کی اجازت حاصل کرے۔ ایجنسی اس بات کی بھی پابند ہے کہ آپ کو اس پمفلٹ کی ایک کاپی فراہم کرے۔ اگر آپ کی عمر ۱۸ سال سے کم ہے تو اُس پر آپ کے ساتھ بزنس کرنا ممنوع ہے۔

**کیا میں ایک امریکی شہری منگیتر یا زوج کے بارے میں مجرمانہ بیک گراؤنڈ کی معلومات پر انحصار کر سکتا ہوں؟**

ایجنسی کی طرف سے فراہم کردہ مجرمانہ ریکارڈ کی معلومات مختلف عمومی ذرائع سے آتی ہیں، علاوہ ان معلومات کے جو امریکی شہری مشتری اپنی امیگریشن درخواستوں میں فراہم کرتے ہیں۔ USCIS کو امریکہ میں موجود مجرمانہ پس منظر کی تمام ڈیٹا بیسز تک رسائی حاصل نہیں ہے۔ امریکی شہری سپانسر اپنی سپانسر شپ درخواست میں جھوٹ بھی بول سکتا ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ امریکی شہری کے تشدد کا پس منظر موجود ہو، لیکن کبھی گرفتاری نہیں ہوئی نہ کبھی الزام لگا۔ لہٰذا ہو سکتا ہے کہ مجرمانہ پس منظر کا ریکارڈ جو آپ تک پہنچتا ہے مکمل نہ ہو۔ امبرا کی نیت یہ ہے کہ دستیاب معلومات اور وسائل امیگریٹ کر کے آنے والے منگیتروں اور ازواج تک پہنچائے جائیں۔ بالآخر، یہ آپ ہی کی ذمہ داری ہے کہ آیا آپ اس رشتہ میں اپنے آپ کو محفوظ تصور کرتے ہیں۔

**کیا غیر ملکی منگیتر یا ازواج، جو گھریلو تشدد کا شکار ہوتے ہیں، انسانی سمگلنگ کا شکار بھی ہو سکتے ہیں؟**

ناجائز فائدہ اٹھانے کی دیگر صورتوں میں گھریلو تشدد کے ساتھ انسانی سمگلنگ بھی وقوع پذیر ہو سکتی ہے، جبکہ ناجائز فائدہ میں زبردستی یا بالجبر مزدوری، خدمات یا کمرشل سیکس کے اقدامات شامل ہو جائیں۔

انسانی سمگلنگ کے بارے میں معلومات مندرجہ ذیل جگہوں سے مل سکتی ہیں:

نیشنل ہیومن ٹریفکنگ ریسورس سنٹر

1-888-373-7888

(۲۴ گھنٹے، پورا ہفتہ)

www.acf.hhs.gov/trafficking

ہیومن ٹریفکنگ اینڈ ورکر ایکسپلائیٹیشن ٹاسک فورس ہاٹ لائن، یو۔ ایس ڈیپارٹمنٹ آف جسٹس

1-888-428-7581

(سوموار تا جمعہ، صبح ۹ بجے تا شام ۵ بجے)

www.usdoj.gov/crt/crim/tpwetf.php

مزید معلومات ہماری درج ذیل ویب سائٹ پر یا ٹول فری نمبر پر کال کر کے لی جا سکتی ہے۔

USCIS عمومی معلومات

امریکہ میں، ٹول فری ٹیلیفون نمبر

1-800-870-3676

یا

ہماری ویب سائٹ پر جائیں:

http://www.uscis.gov